## گڈانی کے سمندر میں متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے کے واقعہ پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15، اکتوبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گڈانی کے سمندر میں کراچی سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے کے المناک واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی کے متعدد افراد کی ناگہانی ہلاکت کا واقعہ افسوسناک ہے اور اس واقعہ پر دردمند دل رکھنے والا ہر پاکستانی افسردہ ہے۔جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے نمائندوں نے ڈوب کر جاں بحق ہونے والوں افراد کے سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا
## منتخب نمائندؤں اور دیگر ذمہ داران نے نماز جنازہ اور تدفین میں بھی شرکت،سوگواران کو صبر وجمیل کی تلقین کی

کراچی۔۔۔16 اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کے رکن،حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین نے پیر کے روز گڈانی کے ساحلی سمندر میں ڈوب کر جاں بحق ہونے والے افراد کے گھروں پر جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری،ارکان صوبائی اسمبلی عبدالقدوس،طیب ہاشمی،ڈاکٹر عزیز بانٹوا اور صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور نے گڈانی کے سمندر میں ڈوب کر جاں بحق ہونے والے لیاری کے علاقے عثمان آباد کے رہائشی ایک ہی خاندان کے دونو جوان محمد نعیم خلیل ولد خلیل احمد،محمد عدنان جمیل ولد جمیل احمد اور زبیر حمید ولد عبدالمجید کے گھروں پر جاکر دیگر سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر محمد عدنان کے والد جمیل احمد شدت غم سے نڈھال ہوکر بے ہوش ہوگئے تھے جنہیں فوری طور پر طبّی امداد فراہم کی گئی۔ جبکہ حق پرست رکن قومی اسمبلی کنور خالد یونس نے نارتھ ناظم آباد حیدری کے رہائشی فیصل ولد اشرف اور شہروز ولد محمد شفیق کے گھروں پر جاکر سوگوار لواحقین سے تعزیت کی اور انہیں صبر جمیل کی تلقین کی۔دریں اثناء فیصل اور شہروز کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی ادریس صدیقی،نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے حق پرست ناظم ممتاز حمید،نائب ٹاؤن ناظم احسن اللہ،یوسی ناظمین،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی۔اسی طرح وفاقی وزیر اقبال محمد علی خان،ایم پی اے نشاط محمد ضیاء اور شاہ فیصل کالونی ٹاؤن کے نگراں ٹاؤن ناظم نے شاہ فیصل کالونی کے رہائشی نوجوانوں کاشف ولد محمد علی،دانیال ولد حفیظ احمد اور منصور حسن ولد حسن دین کے گھروں پر جاکر سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔بعدازاں ایک نوجوان منصور حسن کی تدفین رات گئے مقامی قبرستان میں ہوئی جس میں حق پرست ارکین قومی وصوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔اسی طرح حق پرست ارکان سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد اور خالد بن ولایت نے فیڈرل بی ایریا کے رہائشی نوجوان حارث ولد جاوید کے گھر جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر فیڈرل بی ایریا ٹاؤن کے حق پرست ناظم کمال احمد،نائب ناظم،یوسی ناظمین،کونسلرز،فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔حق پرست رکن قومی اسمبلی اسرار العباد نے ناظم آباد کے رہائشی نوجوان ندیم ولد سلیم خان کی تدفین میں شرکت کی اور سوگواران سے ملاقات کرکے ان سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر لیاقت آباد ٹاؤن کے منتخب نمائندے،ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان بھی موجود تھے۔

## حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی اور دیگر ذمہ داران نے عیدالفطر کے موقع پر سانحہ 12 مئی میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے کارکنان کے گھروں پر جاکر سوگواران سے ملاقات کی

کراچی۔۔۔16 اکتوبر 2007ء۔۔۔حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے عیدالفطر کے موقع پر سانحہ 12 مئی میں مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یوسی ون مظفر آباد کالونی کے کارکنان سید وخان شہید اور عمر رحمٰن شہید کے گھر جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔بعدازاں وہ 12 مئی کو ہی شہید ہونیوالے ایم کیوایم مانسہرہ کالونی کے کارکن ارشاد ملنگ کے گھر بھی گئے اور شہید کے سوگوار بھائیوں سے ملاقات

کر کے ان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار لواحقین کی دلجوئی بھی کی۔اس موقع پر حق پرست شہداء کے عزیز و اقارب نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے نمائندگان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور پختون برادری کے مقامی معززین بھی موجود تھے۔

## اشفاق منگی، اخلاق حسین عابدی، اختر بلگرامی اور دیگر نے ٹھٹھہ مکّلی کے قریب بس حادثے کے زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔16 اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، ارکان قومی وصوبائی اخلاق حسین اور اختر بلگرامی نے گزشتہ روز نیشنل ہائی وے ٹھٹھہ مکّلی کے قریب پر ٹریفک کے خوفناک حادثے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور جناح وسول اسپتال کراچی جاکر کے زخمیوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ایم کیوایم کے نمائندگان نے اسپتالوں کے ڈاکٹروں اور دیگر عملے کو ہدایت کی وہ زخمیوں کی دیکھ بھال اور علاج ومعالجہ میں کسی قسم کی کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک، دیگر ذمہ داران اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔بعدازاں حق پرست ارکان اسمبلی نے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی اور تمام زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

☆☆☆☆☆